© rasailojaraid.com



احکام وغیرہ - کتاب کے یہ چند موٹے موٹے عنوان ہیں - پھر ان میں ضمنی عنوانات دیے گئے ہیں - جیسا کہ عنوانات سے ظاہر ہے، اس میں ایسے مسائل پر فقہی حیثیت سے بحث کی گئی ہے، جو موجودہ دور میں پیش آتے ہیں اور لوگوں کو ان کے بارے میں شریعت کی روشنی میں معلومات بہم پہنچانے کی شدید ضرورت ہے -

کتاب اپنے موضوع میں بڑی اہمیت کی حامل ہے - اس سے استفادہ کرنا چاہیے -

کتابت، طباعت، کاغذ، جلد اور سرورق عمدہ -

## بچوں کے لیے قرآن

مصنف : ڈاکٹر عبدالرؤف

ناشر : فیروز سنز - لاہور

صفحات : ۱۶۰ - کتابت، طباعت، کاغذ، سرورق بہترین -

قیمت : پانچ روپے پچاس پیسے -

بچوں کے لیے یہ ایک نہایت مفید کتاب ہے - اس میں ایسی بہت سی آیات مع ترجمہ کے درج کی گئی ہیں، جن میں بچوں کی اخلاقی اور ذہنی تربیت کا وافر سامان پایا جاتا ہے - ڈاکٹر عبدالرؤف کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے کہ انھوں نے یہ بہترین خدمت انجام دی - اس کتاب کا انداز ایسا عمدہ ہے کہ یہ بچوں کے علاوہ بڑی عمر کے لوگوں کے لیے بھی بے حد مفید ثابت ہو گی -

گزشتہ اشاعت میں ڈاکٹر صاحب موصوف کی ایک کتاب "بچوں کے لیے حدیث" پر تبصرہ ہو چکا ہے - یہ دونوں کتابیں ہر شخص کو خریدنی چاہییں اور ان سے استفادہ کرنا چاہیے -

کتابت، طباعت، کاغذ معیاری -

---

© rasailojaraid.com